ETTİRGEN EYLEM

altkıta	برّصغیر
yayınevi	ناشرین
standart	معیاری
popülarite	مقبولیت
Artış	اضافہ
kelimeler	الفاظ
Dünya çapında	عالمی سطح پر
kabul	قبول
öğrenciler	طلبہ
Yaratıcı yazar	تخلیق کار
ilginç	دلچسپ
Takdir edilan	سراہی
Önemli / ciddi	سنجیدہ
Daralmış / küçültülmüş	سمٹ
önce	قبل

bölüm	شعبہ
hafta	ہفتہ
toplantı	نشست
organize	منعقد
Kısa hikaye	افسانہ
şiir	نظم
Konu / yazı	مضامین
öğretmenler	اساتذہ
katılım	شریک
İzleyici / dinleyici	حاضرین
konuşma	گفتگو
Devam etmek	جاری
Yuvarlak /halka	حلقہ
bölünme	تقسیم

ہمارے شعبے میں ہر ہفتے ادبی نشست منعقد کی جاتی ہے۔ اس نشست میں کبھی افسانہ پڑھا جاتا ہے ، کبھی نظم پڑھی جاتی ہے اور کبھی مضامین پڑھے جاتے ہیں۔ اس میں اسا تذہ کے علاوہ طلبہء کو بھی شریک کیا جاتا ہے ۔ اکثر تخلیق کار اپنی کہانی یا نظم سناتے ہیں .کہانی یا نظم غور سے سنیُ جاتی ہے۔ اس کے بعد سنائی گئی نظم یا کہانی پر حاضرین گفتگو کرتے ہیں۔

پچھلے ہفتے منعقد ہوئی نشست میں پریم چندکی کہانی پڑھی گئ۔ کہانی خوب سراہی گئ۔ اس پر بھر پور تبصرے کیے گئے۔ آج اکرام خاور کی نظم پڑھی جائے گئی۔ پھر اس پر تبصرہ کیا جائے گا۔ یہ سلسلہ بہت اچھاّ ہے ۔ اس سے ہمارے طلبہ کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اس سلسلے کو آگے بھی جاری رکھا جائے گا۔ آج کل سنجیدہ ادب کم پڑھا جاتا ہے۔ کتابیں چھاپی جارہی ہیں، لیکن قارعین کا حلقہ سمٹ رہا ہے۔ ہندوستان کی تقسیم سے پہلے اردو پورے برِّ صغیر میں پڑھی، لکھی اور بولی جاتی تھی۔ اردو ہر علاقے میں مقبول تھی۔ اس کا ادب بھی خوب پڑھاجاتا تھا۔ اس وقت اردو کے ناشر ین بھی اچھی تعداد میں رہے ہوں گے۔ معیاری کتابیں چھاپی جاتی ہوں گی۔ شکر ہے رفتہ رفتہ اب حالات اردو کے حق میں بہتر ہورہے ہیں۔ اردو کی مقبولیت میں اضافہ ہورہا ہے۔ اب ہندوستان اور پاکستان کے علاوہ دنیا کے دوسرے ملکوں میں بھی اردو مقبول ہورہی ہے۔ میڈیا میں اردوکے الفاظ کا خوب استعمال کیا جا رہا ہے۔ وہ دن دور نہیں جب عالمی سطح پر اردو   ایک بڑی زبان کے طور پر قبول کی جائے گی ۔

Yukarıda Urdusu verilen metni, Türkçe’ye çevirip eylem çekimlerini analiz ediniz.